Ref: GSPL/PR/28/25/21
Date: 28/05/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2 **GST:** 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف کی جانب سے جامعہ ہمدرد کے میڈیکل کے طلبہ و طالبات کے لیے ٹریننگ

صحت، حفاظت و ماحولیات کے شعبے میں تربیت اور مشاورت فراہم کرنے والے ادارے، گروسیف نے جامعہ ہمدرد کے حب، بلوچستان میں واقعہ کیمپس میں ایک جامع تربیتی سیشن کا انعقاد کیا۔

تربیت کا مقصد مستقبل کے ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کو آگ سے بچاؤ، ہنگامی حالات سے نمٹنے اور ہسپتال سے ہنگامی حالات کے دوران اخراج کی اہم ترین معلومات اور صلاحیت سے لیس کرنا تھا۔

گروسیف کے تربیت یافتہ عملے نے اس پروگرام کے تحت دی جانی والی تربیت کو عملی اور ہسپتال کے لیے خاص حفاظتی تدابیر اور ہنگامی اقدامات پر مرکوز رکھا۔

سیشن کا محور آگ کی اقسام اور امکانات، طبی ماحول میں آگ کے واقعات کے محرکات و حجم، ممکنہ نشاندہی، آگ کی زد میں فوری طور پر آنے والے افراد، مختلف اقسام کے آگ بجھانے کے آلات کے درست انتخاب، 'پاس تیکنیک' کے ذریعے آلات کے محفوظ اور موثر استعمال، ہنگامی صورتحال میں طبی عملے کے کردار اور ذمداری، اور ڈس ایبلڈ افراد سمیت تمام مریضوں کے بچاؤ اور انخلاء کے اقدامات کو بنایا گیا۔

تربیت میں اس بات پر زور دیا گیا کہ طبی عملے کو معمول کی ذمداریوں کے ساتھ ساتھ غیر متوقع حالات جیسا کہ آگ لگنے کی صورت میں اپنی اور مریضوں کی بروقت اور موثر حفاظت کے قابل بھی ہونا چاہیے۔

اس موقعے پر گفتگو کرتے ہوئے گروسیف کے ٹرینرز کا کہنا تھا کہ جامعات کے ساتھ اشتراک پاکستان میں حفاظت کے کلچر کو پروان چڑھانے کے ان کے مشن کا حصہ ہے۔طب کے طلبہ و طالبات میں ان صلاحیتوں کو پیدا کرنے سے ہسپتالوں کو شفاء کے محفوظ مراکز میں بدلنے میں مدد ملے گی۔

ادارے نے اس موقع پر جامعہ کے عہدیداران، خصوصاً ڈائریکٹر ایڈمینسٹریشن اور ان کی ٹیم کے ارکان، رباب آفتاب اور ذیشان حیدر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طبی ماہرین کی حفاظت اور مہارت کے ضمن میں ان کا اقدام دور رسَ اور قابلِ تعریف ہے۔

اس تربیت کے ذریعے گروسیف نے اپنے مشن کا ایک اور سنگِ میل عبور کیا، جس کا مقصد تعلیم، شعور اور پیشہ ورانہ روابط کے ذریعے ایک محفوظ اور متحرک معاشرے کا قیام ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe